حافظ نذر احمد صاحب علمی دُنیا میں اس سے قبل بھی کئی مثالی خدمات انجام دے چکے ہیں لیکن اس جدید تالیف کا ایک منفرد کارنامہ یہ ہے کہ آپ نے سورۃ البقرہ کے آخر میں اس سورہ کے تمام مادہ ہائے افعال مرتب کر دیے ہیں —— صرف یہی نہیں بلکہ پُورے قرآن مجید کے مادہ ہائے افعال (مجرّد اور ثلاثی مزید فیہ) کے دو چارٹ دو رنگوں میں حروفِ ابجد کی ترتیب کے ساتھ پیش کیے ہیں۔

قرآن مجید کو "لیسرنا القرآن" ثابت کرنے کی یہ اپنی نوعیت کی بالکل سائنٹیفک کوشش ہے۔ اس کتاب میں حافظ صاحب کے مرتب کردہ چارٹ دیکھ کر خوشگوار حیرت ہوتی کہ پُورے قرآن مجید میں اصل مادہ ہائے افعال صرف ۱۲۳۰ ہیں۔ ان تمام خوبیوں اور ۲۸۰ صفحات کی ضخامت کے باوجود ناشرین نے افادہ عام کے پیش نظر ہدیہ اچھی رکھا ہے۔ یعنی عام جلد اکیس روپیہ اور سنہری جلد چوبیس روپیہ —— اعراب کی چند اغلاط ضرور ہیں، امید ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں انہیں درست کر لیا جائے گا۔

—— (۲) ——

نام کتاب : مسائل نماز

تالیف : حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ : پروفیسر چوہدری عبد الحفیظ شعبہ علوم اسلامیہ انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور

ضخامت : پونے دو سو صفحات

ہدیہ : ۱۲ روپے

ناشر : مکتبۃ الغزنویہ ۴ شیش محل روڈ لاہور

یہ کتاب دراصل حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے ایک خط کی عبارت کا اُردو ترجمہ ہے جو آپؒ نے "مسائل نماز" پر استفتاء کے جواب میں رقم فرمایا —— لیکن اس میں نماز کے اکثر مسائل کا اس طرح احاطہ کیا گیا ہے کہ یہ اپنے موضوع پر ایک مکمل کتاب بن گئی ہے۔

اس کتاب کے تین حصے ہیں —— مقدمہ، عقیدۂ مسلم اور اصل خط —— مشہور محقّق اور فاضل محمد حامد الفقی صاحب نے حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے خط میں دی گئی احادیث کی تخریج کی ہے نیز انہوں نے خط کے شروع میں ایک مبسوط اور مدلّل مقالہ قلمبند کر کے شامل کر دیا ہے —— مقدمہ پڑھ کر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ محقق حامد الفقی صاحب، امام احمد بن حنبلؒ